Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۲ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۷ شعبان المعظم ۱۳۵۶ھ مطابق ۲۳ اکتوبر ۱۹۳۷ء جلد ۳۹

حصہ اوّل

احکام عالیمرتبت منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

شعبہ رپورٹ ایڈیشنل ناظم صاحب دربارہ
منظوری رخصت رعایتی ایک ہفتہ ۱۰ لغایت
۱۶ اکتوبر ۱۹۳۷ء منشی آل حسن صاحب تحصیلدار
بلاسپور بذمہ داری نائب تحصیلدار صاحب

صدر آفس سیکشن

حکم

رخصت رعایتی منظور ہے۔ ۷ اکتوبر ۱۹۳۷ء

دستخط عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

صدر سے احکام جاری کئے جائیں ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۷ء

دستخط ایڈیشنل ناظم صاحب

ٹریننگ الاونس

۱۸ اکتوبر ۱۹۳۷ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۳ ستمبر ۱۹۳۷ء میں مسٹر لطافت علی اسپیشل افسر صنعت و حرفت کو ہندوستان کے مختلف مقامات میں برائے ٹریننگ چھ ماہ کیواسطے بھیجے جانے کی منظوری ہو چکی ہے۔ افسر صاحب موصوف ۲۲ اکتوبر ۱۹۳۷ء کو ٹریننگ کیواسطے روانہ ہو رہے ہیں۔ اسی تاریخ سے علاوہ موجودہ تنخواہ کے صہ ماہوار بطور ٹریننگ الاونس برائے چھ ماہ مع سفر خرچ بجٹ ڈیپارٹمنٹ و انڈسٹریز سے دیا جانا منظور کیا جاتا ہے۔ ان کی ملازمت کی میعاد ۲۰ جنوری ۱۹۳۸ء کو ختم ہوتی ہے اور ٹریننگ کی مدت ۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء کو ختم ہوگی لہذا ان کی توسیع ملازمت ۳۰ اپریل ۱۹۳۸ء تک منظور کیجاتی ہے۔ بحیثیت فائنانس منسٹر ہم کو اس توضیح سے اتفاق ہے بعد حصول ٹریننگ مستقل کئے جائینگے اور گریڈ سے مستفیض ہونگے

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر

منسوخی رخصت

مصدرہ کاغذات رپورٹ ہائے سپرنٹنڈنٹ صاحب اکاؤنٹ و خزانہ مع عرائض منشی ننھے کشور نائب اکاؤنٹ سیکشن مشاہرہ دار ۲۵ روپیہ ہر بیں خلاصہ کہ بحکم ۸ اکتوبر ۱۹۳۵ء نامبردہ کی رخصت رعایتی بارہ یوم من ابتدائے ۲۰ لغایتہ ۳۱ اکتوبر ۱۹۳۵ء منظور ہوئی تھی۔ اور بحکم ۴ نومبر ۱۹۳۵ء حسب التماس رخصت خواہ۔ تاریخ استفادہ سے رخصت شمار ہونے کی صراحت فرمائی گئی۔ لیکن اس نے رخصت منظور شدہ سے استفادہ حاصل نہیں کیا۔ اس لئے رخصت قابل تنسیخ ہے۔

حکم

مسل ملاحظہ ہوئی۔ بحکم ۴ نومبر ۱۹۳۵ء جو رخصت رعایتی تاریخ استفادہ سے منظور ہوئی ہے۔ یہ رخصت منسوخ کیجاتی ہے۔ سروس بک میں اس رخصت کا اندراج ۲۰ لغایتہ ۳۱ اکتوبر ۱۹۳۵ء ہے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام جاری ہوں۔ سپرنٹنڈنٹ صاحب اکاؤنٹ و خزانہ تحریر کریں کہ ۱۹۳۵ء کی رخصت کو ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۶ء میں منسوخ کرائے جانے کی رپورٹ ایک سال کی تاخیر سے کس وجہ سے پیش کیگئی ہے۔ اور ۲۰ دسمبر ۱۹۳۵ء کے گئے ہوئے کاغذات آخر ستمبر ۱۹۳۶ء میں کیوں تاخیر سے بھیجے گئے۔ ۱۴ اکتوبر ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر

بحالی

منشی صفدر علیخاں کا بیان اور معذرت نامہ ملاحظہ سے گذرا۔ عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس سے بھی اس بارہ میں تبادلہ خیالات کیا گیا۔ صاحب موصوف نے تصدیق فرمائی۔ کہ بیان مشمولہ میں کوئی خاص بات قابل تردید نہیں ہے۔ اسکے علاوہ منشی صفدر علیخاں نے خود بھی اس امر کا اعتراف کیا کہ وہ اپنی شہرت عامہ کے خراب ہونیکے خیال کو نظر انداز کرتے ہوئے رامپور گورنمنٹ کے ساتھ وفاداری کے عملی اظہار کے واسطے اگر کمیر علیخاں کے پھاٹک کو بند کرنے کی ہمت کرتے تو اس میں کوئی اندیشہ کی صورت نہ تھی۔ اس بیان سے پایا جاتا ہے کہ جہاں منشی صفدر علیخاں میں حکومت رامپور کے ساتھ اپنے جذبات وفاداری کے اظہار کیلئے جرأت کی کمی پائی گئی وہاں اسکے ساتھ ہی نامبردہ سے کوئی ایسا فعل سرزد نہیں ہوا جسکو غیر وفادارانہ قرار دیا جاسکے۔ ان واقعات کی روشنی میں برخاستگی کی سزا انتہائی سخت اور غیر ضروری ثابت ہوتی ہے۔ لہذا تنسیخ حکم ۱۰ ستمبر ۱۹۳۶ء منشی صفدر علیخاں کو اپنے عہدہ پر تاریخ امروزہ سے بدستور بحال کیا جاتا ہے۔ زمانہ علیحدگی کی تنخواہ نہیں دیجائیگی۔ اور یہ مدت بیکاری حقوق پنشن و رخصت کیلئے خارج شمار ہوگی۔ سلسلہ ملازمت یوم تقرر ابتدائی سے بدستور برقرار متصور ہوگا۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں۔ ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر

احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

اعلان

سب انسپکٹران پولیس کے عہدہ کے لئے امیدوار کی ضرورت ہے۔ منتخب شدہ امیدوار کو مراد آباد پولیس ٹریننگ کالج میں ٹریننگ دیجائیگی۔ ٹریننگ کی فیس منجانب ریاست ادا کیجاویگی سوائے اس حالت میں کہ امیدوار پولیس ٹریننگ کالج میں ناکامیاب رہے یا ملازمت پولیس سے تاریخ تقرر سے اندر دو سال برخاست یا علیحدہ یا مستعفی ہو جاوے ایسی حالت میں امیدوار سے ٹریننگ کی فیس وصول کرلیجائیگی درخواست امیدوار ۱۵ نومبر ۱۹۳۳ء تک دفتر صاحب عالیمرتبت انسپکٹر جنرل بہادر پولیس میں موصول ہونا لازمی ہے اور جملہ درخواستیں عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کی معرفت روانہ کیجاویگی۔ مندرجہ ذیل شرائط کی پابندی لازمی ہے۔

۱۔ امیدوار قدیم باشندہ ریاست رامپور ہو۔

۲۔ امیدوار کی عمر یکم دسمبر ۱۹۳۳ء کو بیس و چوبیس سال کے درمیان ہو۔

۳۔ امیدوار کسی انگلینڈ یونیورسٹی کا میٹرک پاس ہو۔ اور عام طور سے اس کی لمبائی پانچ فیٹ چھ انچ ہو اور سینہ بتیس انچ سے کم نہو۔

۴۔ امیدوار اچھے تعلقات اور حیثیت کا آدمی ہو۔ تین حیثیت دار اشخاص کا حوالہ دینا لازمی ہے۔

۵۔ امیدوار کو ایک میڈیکل سارٹیفکٹ مرتبہ صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر موجودہ رامپور کا پیش کرنا چاہیے جس سے معلوم ہو کہ امیدوار کی جسمانی تندرستی کافی اچھی ہے اور آوٹ ڈور فرائض انجام دینے کے لئے کافی اہلیت رکھتا ہے۔

۶۔ امیدوار کو چاہیے کہ ایک سارٹیفکٹ اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کا بدیں مضمون پیش کرے کہ اس کا چال چلن اچھا ہے اور اس نے ریاست کے خلاف کسی قسم کی سیاسی تحریک میں حصہ نہیں لیا ہے۔

۷۔ امیدوار عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو اس عہدہ کے لئے ادبی قابلیت اور عام اہلیت کا ثبوت دیکر مطمئن کرے گا۔ فارسی شکست اور ہندی حروف تہجی میں ہندوستانی زبان کی قابلیت ہونا چاہئے۔ ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۳ء

دستخط عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

ترقی

منشی محی الدینخاں صاحب پراسکیوٹنگ انسپکٹر ۱۰ ستمبر ۱۹۳۳ء لغایت ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۳ء رخصت پر رہے ہیں۔ بزمانۂ رخصت مذکور منشی مصطفی علیخاں صاحب پراسکیوٹنگ سب انسپکٹر اپنے عہدہ کے علاوہ انکا کام بھی انجام دیرہے ہیں۔

حکم ہوا کہ

منشی مصطفے علیخاں صاحب پراسکیوٹنگ سب انسپکٹر کو ۱۰ ستمبر ۱۹۳۳ء تا زمانۂ رخصت منشی محی الدینخاں صاحب پراسکیوٹنگ انسپکٹر عہدہ پراسکیوٹنگ انسپکٹر قائم مقام ترقی دیجاتی ہے وہ اپنے کام کے علاوہ پراسکیوٹنگ انسپکٹر کا کام بھی انجام دینگے الاؤنس کی ادائگی کے متعلق علیحدہ کارروائی ہو رہی ہے احکام ضابطہ اجرا ہوں۔ درج آرڈر بک خاص ہو۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو مرسل ہو۔ ۱۹ اکتوبر ۱۹۳۳ء

دستخط خوشنگ عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی من ابتدائے ۱۵ر لغایت ۲۱ر اکتوبر ۱۹۳۷ء بعدالت ہائی کورٹ ہوئی۔ بغرض اشاعت گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔ دستخط [illegible]

تاریخ	روز	اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۵ر اکتوبر	جمعہ	تعطیل جمعہ			
۱۶ر	شنبہ	عالیجناب شیر جیشی و [illegible] صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام اکبر ملزم	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	۱۳ر لغایت ۱۵ر اکتوبر تعطیل رہی اسلئے مقدمہ آج پیش ہوا بقیہ ثبوت طلب کیا جائے اور مقدمہ ۲۶ر اکتوبر کو پیش ہو۔
〃	〃	〃	اچھی بیگم بنام مساۃ زمیر زمانی بیگم	〃 دیوانی بدعوی استقرار حق [illegible]	حسب خواست مدعیان [illegible] کی مہلت برائے [illegible] منظور ہے مقدمہ بتاریخ ۲۸ر اکتوبر پیش ہو۔
〃	〃	〃	شام لال بنام مساۃ [illegible]	اپیل مال بدعوی مالیت [illegible]	پٹواری کاغذات متعلقہ نہیں لایا لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر [illegible] اکتوبر کو پیش ہو
〃	〃	[illegible] صاحب بہادر	احسن خان وغیرہ بنام سرکار بہادر ذریعہ محمد [illegible] خان	〃 فوجداری بجرم دفعہ ۳۲۵/۱۴۷ ت	بترمیم حکم سزا مجوزہ عدالت ماتحت اپیلانٹان پر ثبوت جرم دفعہ ۳۲۵ ۱۱ ماہ قید سخت و بہ ثبوت جرم دفعہ ۱۴۷ دو ماہ قید سخت کے سزایاب [illegible] علیحدہ علیحدہ سزائے جرم اول الذکر اور اس کے بعد سزائے آخر الذکر برداشت کریں گے۔ مگر ضمانت و مچلکہ بدیں ترمیم بحال ہوکر اپیلانٹان بصورت عدم تعمیل حکم مچلکہ و ضمانت ایک ایک سال قید محض میں رہیں گے۔ حکم سزائے جرمانہ منسوخ کیا جاتا ہے
〃	〃	〃	[illegible] وغیرہ بنام سرکار بہادر ذریعہ [illegible] مدعی رسک [illegible]	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۴۵۲/۳۲۴ ت	حسب استدعائے وکلاء فریقین مقدمہ ملتوی ہوکر بتاریخ ۲۲ر اکتوبر پیش ہو۔
〃	〃	〃	سرکار بہادر بنام بشیر [illegible] ملزم	نوٹس حسب دفعہ ۱۰۶ ت	فریق ثانی مقروض [illegible] اور کاغذات داخل دفتر ہوں
〃	〃	〃	[illegible] بنام [illegible]	اپیل دیوانی بدعوی [illegible] وغیرہ	بعد سماعت بحث زیر تجویز
〃	〃	〃	مساۃ [illegible] بنام [illegible] وغیرہ	ابتدائی 〃 〃 واپسی سامان جہیز	جواب [illegible] ہوگیا مقدمہ بوجہ [illegible] وکلاء فریقین ۱۵ر اکتوبر کو پیش ہو
〃	〃	عالیجناب چیف جسٹس [illegible]	معجزہ [illegible] بہادر بنام [illegible] ملزم	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۲۴ [illegible]	بعد سماعت بحث زیر تجویز۔
〃	〃	〃	محمد نبی قیدی بنام سرکار بہادر	اپیل 〃 〃 ۲۶۳ ت	اپیل مسمی محمد نبی ملزم قیدی اپیلانٹ نامنظور ہوکر تجویز عدالت ماتحت نسبت سزائے ایکسال قید سخت بجرم دفعہ ۲۶۳ ت بحال رہے
۱۸ر	[illegible]	مسٹر جسٹس [illegible] صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام رفیق ملزم	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲	آج آٹھ گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند ہوتے مقدمہ ۲۳ر اکتوبر کو پیش ہو۔
〃	〃	مسٹر جسٹس [illegible] شاہ [illegible] خانصاحب بہادر	مساۃ سلطان جہاں بیگم سائلہ بنام مساۃ حمیدی بیگم فریق ثانی	درخواست عذرداری حسب دفعہ ۴۷	آج ۹ کس گواہان فریقثانیہ کے بیانات قلمبند ہوتے شہادت ختم ہوئی مقدمہ برائے بحث ۱۲ر نومبر کو پیش ہو۔
۱۹ر	[illegible]	〃	[illegible] ناتھ بنام احمد [illegible] خان	اپیل متفرق دیوانی بدعوے نسبت نامنظوری درخواست بازجنبر	آج شرکت کمیٹی سے فرصت نہیں ملی لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر بتاریخ ۸ر نومبر ۱۹۳۷ء پیش ہو۔
〃	〃	〃	دوپہلال بنام مکھن لال	اپیل متفرق نسبت داخل کرنے [illegible]	آج بوجہ دیگر کار عدالت و شرکت کمیٹی فرصت نہیں ہوئی لہذا مقدمہ ملتوی ہوکر ۹ر نومبر کو پیش ہو۔
〃	〃	[illegible] چیف جسٹس بہادر و مسٹر جسٹس [illegible]	عبدالحفیظ خان اپیلانٹ بنام محمد شفیق خان	〃 دوم دیوانی بدعوی مالیت [illegible] ۱۲	بحث سماعت ہوئی لہذا مقدمہ زیر تجویز رہے

عدد دوم — نمبر ۱۲

[illegible]	[illegible]	جناب حضرت [illegible] شاہ خاں صاحب بہادر	محبوب سنگھ اپیلانٹ بنام لچھمن سنگھ وغیرہ	اپیل دیوانی بدعوی [illegible] نسبت حصول ڈگری [illegible]	اپیل ڈسمس ہوا۔ خرچہ [illegible] بذمہ اپیلانٹ عائد ہو۔
〃	〃	〃	امراؤ دولہ خاں بنام صفدر علی خاں وغیرہ	ابتدائی دیوانی بدعوی [illegible]	وکلائے فریقین کی درخواست التواء [illegible] مقدمہ [illegible] کا [illegible] معاوضہ وکیل [illegible] کرائی جائے
〃	〃	〃	عابد حسین خاں [illegible] بنام صفدر علی خاں وغیرہ	〃 〃 〃 〃 سامان جہیز [illegible]	〃
〃	〃	〃	علی بہادر بنام قدیر وغیرہ	اپیل دیوانی بدعوی دخل آراضی	بعد سماعت بحث زیر تجویز
〃	〃	〃	سرکار [illegible] بنام موہن لعل	درخواست عذرداری نسبت ضمانت تنخواہ میان	اسسٹنٹ وکیل سرکار نے نتیجہ نیلام جائداد کی کوئی اطلاع نہیں دی لہذا مقدمہ ۳۰ اکتوبر کو پیش ہو۔
[illegible]		جناب [illegible] صاحب [illegible] خاں صاحب بہادر	〃 دربار لال	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۹/۳۷۹ ت	بحث سماعت ہوئی۔ ملزمان کا استغاثہ [illegible] مقدمہ برائے صفائی دربار لال ملزم [illegible] برائے صفائی تصدیق [illegible] ملزم ۱۳ نومبر کو پیش ہو۔
〃	〃	〃	ساۃ سکندر بیگم بنام عاشق علی	اپیل دیوانی بدعوی تفریق زوجیت	بوجہ شرکت بنچ دیگر مقدمہ پیشی اپیل ہذا کی سماعت کی نوبت نہیں آئی لہذا مقدمہ ملتوی ہو کر تاریخ [illegible] نومبر پیش ہو۔
〃	〃	[illegible] مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب [illegible]	منظور احمد بنام ساۃ امراؤ دلہن وغیرہ	اپیل دیوانی بدعوی [illegible] زر امانت	بحث سماعت ہوئی بنا بر سماعت بقیہ بحث [illegible] نومبر کو پیش ہو
〃	〃	صاحب چیف جسٹس [illegible] مسٹر جسٹس [illegible] خاں صاحب بہادر	غلام ربانی وغیرہ بنام [illegible] اصلاح قوم پنجابیان	اپیل دیوانی بدعوی [illegible] ۱۵	بحث سماعت ہوئی مقدمہ زیر تجویز رہے
〃	〃	صاحب چیف جسٹس [illegible] مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	رام سنگھ قیدی بنام سرکار عالی	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۴ ت نسبت سزا۔ پانچ سالہ قید سخت	اپیل اپیلانٹ نامنظور ہو کر تجویز فاضل [illegible] بحال رہے
〃	〃	صاحب چیف جسٹس	صاحبزادہ سید معظم علی خاں بہادر بنام ساۃ جیون فریق ثانی	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۲۹۸ ت	نگرانی سائل نامنظور ہو
[illegible]		تعطیل حسب ہدایت			
[illegible]		تعطیل ولادت صاحب الامر علیہ السلام			

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

منشیہ رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور
اتفاق رائے اڈیشنل ناظم صاحب
بدیں مضمون کہ احمد رضا خاں ضلعدار نے
رقم وصول شدہ خزانہ میں داخل نہیں
کی تھی لہذا اُس کے کیرکٹر رول میں غفلت
کا اندراج کیا جانا مناسب ہے۔

حکم

احمد رضا خاں ضلعدار کے کیرکٹر رول میں غفلت کا
اندراج کر دیا جائے کاغذ واپس ہوں۔
۷ر اکتوبر ۱۹۳۷ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بموجب حکم اجلاس عالی صدر کے احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۲ر اکتوبر ۱۹۳۷ء
دستخط اڈیشنل ناظم صاحب

رخصت

منشیہ رپورٹ اڈیشنل ناظم صاحب بدیں مضمون کہ منشی شاہد حسین
گرداور قانونگوی تحصیل سوار نے ایکماہ کی رخصت عارضی
۱۵ر جولائی ۱۹۳۷ء سے حاصل کی تھی لیکن وہ بوقت
رخصت سے استفادہ حاصل نہ کر سکے اب تحصیلدار
صاحب نے سفارش کی ہے کہ ۱۵ر اکتوبر ۱۹۳۷ء سے منشی شاہد حسین
رخصت سے استفادہ حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اجازت
دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

حکم

حسب تحریر اڈیشنل ناظم صاحب رخصت رعایتی ایکماہ
منشی شاہد حسین گرداور قانونگوی تحصیل سوار کی ۱۵ر اکتوبر ۱۹۳۷ء
سے منظور کی جاتی ہے کیونکہ یہ رخصت رعایتی بحکم ۲۰ر جولائی ۱۹۳۷ء
من ابتدا ۱۵ر جولائی ۱۹۳۷ء ایکماہ کی منظور ہوئی تھی اس کا بروقت
استفادہ حاصل نہیں کیا لہذا وہ رخصت منسوخ کی جاتی ہے حسب ضابطہ احکام جاری ہوں
۸ر اکتوبر ۱۹۳۷ء — دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اڈیشنل ناظم صاحب

برآمدگی تنخواہ

رپورٹ تحصیلدار صاحب مورخہ ۱۴ ستمبر ۱۹۳۶ء ملاحظہ ہوئی رگھبیر سہائے ضلعدار بحکم ۳۰ مارچ ۱۹۳۶ء یکم اپریل ۱۹۳۶ء سے اپنے عہدہ ضلعداری پر بحال کیا گیا اور نقل حکم اجلاس سے بغرض دلائے جانے چارج تحصیل کو روانہ کر دی گئی تحصیل کو اسی وقت عہدہ عوض علیحدہ کر کے رپورٹ کرنا چاہیے تھی لیکن اس وقت چونکہ سید محفوظ علی ضلعدار معطل ہو چکا تھا اور اس سلسلہ میں بھی ایک منتخب شدہ امیدوار کے تقرر کی ضرورت تھی اسلئے رگھبیر سہائے کا عوض بدستور تعینات رہا اور سہائے کو بوجہ عدم اجراء احکام تنخواہ نہیں ملی ہے تحصیلدار صاحب تحریر کرتے ہیں کہ رگھبیر سہائے کے عوض کی تنخواہ ۳۰ ماہوار عوض کو ملتی رہی ہے چونکہ عوض نے بھی کام کیا ہے اور یکم اپریل ۱۹۳۶ء سے ماہ اگست ۱۹۳۶ء تک کی تنخواہ عہدہ رگھبیر سہائے عوض کو مل چکی ہے لہذا رگھبیر سہائے کو اب ذریعہ تحریر آمد و بجٹ تحصیل سوا سے تنخواہ دلائی جائے یہ تنخواہ عہدہ محفوظ علی کے بجٹ سے دیجائے گی اور علاقہ [illegible] پر جو ضلعدار حاضر کام کر رہا ہے اسکی تعیناتی بسلسلہ معطلی سید محفوظ علی ضلعدار بدستور رہے گی۔ عمدہ احکام ضابطہ جاری ہوں ۷ اکتوبر ۱۹۳۶ء

دستخط اڈیشنل ناظم صاحب

رخصت

شبیہ رپورٹ تحصیلدار صاحب سوار دربارہ صدور حکم منظوری رخصت رعایتی ایک [illegible] ۱۷ لغایت ۲۳ اگست ۱۹۳۶ء منشی [illegible]

ضلعدار مصدقہ آڈٹ سکشن

حکم

بموجب استحقاق رخصت منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۶ء

دستخط اڈیشنل ناظم صاحب

احکام ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

تقرر

سید مظہر الاسلام ولد سید شمس الاسلام ساکن قصبہ شاہ آباد تحصیل رامپور کا تقرر بعہدہ گماشتہ محکمہ زراعت بمشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار یکم مئی ۱۹۳۷ء سے منظور ہے امیدوار کے کاغذات درباره صرف بسلکشن بورڈ شامل ہیں اور تصدیق چال چلن از محکمہ پولیس بھی شامل ہے تقرر ہذا ایکسال تک عارضی رہیگا بعد ایکسال کام دیکھنے پر مستقل کیا جائیگا اور تنخواہ مبلغ ماہوار دیجائیگی بغرض اجرائے احکام ضابطہ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر مرسلہ ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۷ء

دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

اعلان

پچھلے سال کی طرح اس سال بھی میلہ رشوتیرتھ تحصیل ملک میں محکمہ زراعت رامپور کی جانب سے زراعت کی نمائش کا بڑے پیمانہ پر انتظام کیا جائیگا۔ اس نمائش میں محکمہ کی جانب سے ترقی دادہ بیج اور نئے قسم کے کھاد دکھلائے جائینگے نیز ترقی دادہ آلات کشاورزی کا عملی کام دکھلایا جائیگا اور زراعت کی ترقی کی بہت سی باتیں دکھلائی جائینگی میلے میں ریڈیو (بے تار کا تار برقی) کے ذریعہ دیہات کی ترقی و اصلاح کے متعلق صحیح باتیں سنائی جائینگی۔ اچھے طریقے پر جوتنے بونے اور عمدہ فصلیں پیدا کرنیکے طریقے بتلائے جائیں گے۔ اسکے علاوہ محکمہ کی جانب سے مختلف قسم کے انعامات بھی تقسیم کئے جائیں گے جنکی تفصیل حسب ذیل ہے

۱۔ ہل میں چلنے والے بیلوں کی جوٹ پر اعلیٰ انعام آٹھ روپیہ کا دوسرا انعام پانچ روپیہ کا اور چار انعام سوم درجہ کی جوٹوں پر تین تین روپیہ کی انعام دیا جائیگا کاشتکاران کو اپنے بیل میلے میں لانے ہونگے۔

تاریخ و جگہ انعام کا اعلان بعد کو کیا جائیگا

۲۔ دوسرے انعام حسب ذیل عمدہ قسم کی اجناس پر دیئے جائیں گے۔

۱۔ ترقی دادہ کپاس اول انعام عہ، دوم انعام عـا، سوم انعام عـا، چہارم انعام عہ
۲۔ دیسی کپاس اول عہ دوم انعام عـا
۳۔ چاول ” عہ ” عـا
۴۔ کپاس ” عہ ” عـا
۵۔ سنگھاڑا ” عہ ” عـا
۶۔ جوار ” عہ ” عـا
۷۔ باجرہ ” عہ ” عـا
۸۔ ارہر ” عہ ” عـا
۹۔ اُڑدی ” عـا ” عہ
۱۰۔ مونگ پھلی ” عہ ” عـا
۱۱۔ سن ” عہ ” عـا
۱۲۔ ترقی دادہ گنا تمام ” عہ ” عہ سوم انعام ہر ایک کا عـا
۱۳۔ گڑ ” عہ ” عـا
۱۴۔ شکر اول انعام عہ دوم انعام عـا
۱۵۔ ترقی دادہ گندم ” عہ ” عہ سوم ہر ایک عـا
۱۶۔ دیسی گندم ” عہ عـا
۱۷۔ چنا ” عہ عـا
۱۸۔ جو ” عہ عـا
۱۹۔ جئی ” عہ عـا
۲۰۔ مٹر ” عہ عـا
۲۱۔ السی ” عہ عـا
۲۲۔ سرسوں عہ عـا

نوٹ (۱) صرف ان بیلوں پر انعامات دیئے جائینگے جن کے مالکان ریاست رامپور کے کاشتکار ہوں۔

(۲) صرف ان اجناس پر انعامات دیجائینگے جو کہ

حدود ریاست کے اندر پیدا کی گئی ہوں

۳ اضافت حاصل کرنے کے لئے تخم یا گنڈوں کے نمونہ یا ۵ سیر وزن میں ایک کپڑے کی تھیلی میں آنے چاہئیں
گنّے کے نمونہ میں ایک قسم کے پانچ گنّے ہونے چاہئیں

۴ ہر نمونہ کے کاشتکار کا مفصل پتہ ضرور آنا چاہئے

۵ تمام نمونہ جات میلہ شروع ہونے سے دو روز قبل دفتر محکمہ زراعت رامپور یا دفتر محکمہ زراعت میلہ رٹھونڈہ اور یا کم سے کم ایک ہفتہ قبل کسی تحصیل میں داخل ہو جانے چاہئیں تاکہ میلہ شروع ہونے سے قبل وہ نمونہ جات میلہ میں پہونچ سکیں

مزید معلومات کے لئے دفتر ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب محکمہ زراعت رامپور کو لکھا جا سکتا ہے۔

دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

نقشہ بارش ہفتہ وار سن ابتدائے ۱۱ر لغایتہ ۱۵ر اکتوبر ۱۹۳۷ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ		تحصیل بلاسپور	
	تاریخ حال	از جون	تاریخ حال	از جون	تاریخ حال	از جون	تاریخ حال	از جون	تاریخ حال	از جون	تاریخ حال	از جون
۱۱ر اکتوبر ۳۷ء یوم دوشنبہ	۰	۲۸۰ ۳/۴	۰	۰	۰	۳۲۲	۰	۱۹۲ ۱/۴	۰	۱۹۷ ۱/۲	۰	۲۷۸
۱۲ر اکتوبر ۱۹۳۷ء یوم سہ شنبہ	۰	۲۸۰ ۳/۴	۰	۰	۰	۳۲۲	۰	۱۹۲ ۱/۴	۰	۱۹۷ ۱/۲	۰	۲۷۸
۱۳ر اکتوبر ۳۷ء یوم چہارشنبہ	۰	۲۸۰ ۳/۴	۰	۰	۰	۳۲۲	۰	۱۹۲ ۱/۴	۰	۱۹۷ ۱/۲	۰	۲۷۸
۱۴ر اکتوبر ۳۷ء یوم پنجشنبہ	۰	۲۸۰ ۳/۴	۰	۰	۰	۳۲۲	۰	۱۹۲ ۱/۴	۰	۱۹۷ ۱/۲	۰	۲۷۸
۱۵ر اکتوبر ۳۷ء یوم جمعہ	۰	۲۸۰ ۳/۴	۰	۰	۰	۳۲۲	۰	۱۹۲ ۱/۴	۰	۱۹۷ ۱/۲	۰	۲۷۸

نقشہ اجناس ریاست رام پور - بابتہ ہفتہ سویم ماہ اکتوبر سنہ ۳۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹمک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۱۰ ۱ر				۱۱ ۱ر	
نخود خالص		۱۶ ۱ر				۱۶ ۱ر	
نخود کشتہ آمیز		۱۰۱۶ ار				۱۷ ۱ر	
کنگنی		۱۰۱۷ ار				۱۸ ۱ر	
ماش		۱۰ ۱ر				۹ ۱ر	
مونگ		۸۰ ۱ر				۸ ۱ر	
مکا		۱۰۱۵ ار				۱۶ ۱ر	
جئی		۰				۲۰ ۱ر	
گرجئی		۰				۱۷ ۱ر	
مسور		۱۱ ۱ر				۱۳ ۱ر	
ارہر		۱۱ ۱ر				۱۲ ۱ر	
برنج		۵ ۱ر ۹ ۱ر				۸ ۱ر	
روغن زرد		۳ ۱ر				۳ ۱ر	
روغن سیاہ		۳ ۱ر				۲ ۱ر	
روغن کنجد		ا ۱ر				۰	
نمک سامبھر		۱۱ ۱ر				۱۱ ۱ر	
نمک لاہوری		۸ ۱ر				۸ ۱ر	
تنباکو		۹ ۱ر				۹ ۱ر	
باجرہ		۰				۰	

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)